صلوٰۃ التسبیح

اس نماز کے پڑھنے سے انسان کے صغیرہ وکبیرہ گناہ اللہ تعالیٰ معاف کردیتے ہیں۔

یہ نماز حضور ﷺ نے اپنے چچا حضرت عباس ؓ کو تعلیم فرمائی تھی اور فرمایا تھا کہ ہوسکے تو روزانہ ورنہ ہر جمعہ کو یا سال میں ایک بار یا پھر زندگی میں ایک مرتبہ تو ضرور پڑھ لو۔ اس کے پڑھنے میں تقریباً بیس منٹ لگتے ہیں۔ رنج ومصیبت اور سختی کے وقت یہ نماز نہایت مفید ہے، اس نماز کی چار رکعتیں ہیں۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ

یہ کلمات 75 مرتبہ مندرجہ ذیل طریقے پر زائد پڑھے جاتے ہیں۔

نیت باندھ کر ثناء یعنی سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ کے بعد ______	15 مرتبہ
سورۃ الفاتحہ اور کوئی سورۃ پڑھنے کے بعد ______	10 مرتبہ
رکوع میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْم پڑھنے کے بعد ______	10 مرتبہ
رکوع سے سیدھا کھڑا ہو کر قومہ میں ______	10 مرتبہ
پہلے سجدہ میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کے بعد ______	10 مرتبہ
پہلے سجدہ سے اُٹھ کر جلسے کی حالت میں ______	10 مرتبہ
پھر دوسرے سجدے میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کے بعد ______	10 مرتبہ

اس طرح ایک رکعت میں پچھتر (75) مرتبہ ہوئے پھر دوسری رکعت کیلئے کھڑے ہو جائیں اور اسی ترتیب سے چاروں رکعتوں میں یہ کلمات تین سو (300) مرتبہ مکمل کریں۔ یہ نماز اوقات مکروہ کے علاوہ ہر وقت پڑھ سکتے ہیں۔

رکوع اور سجدے کے درمیان کھڑے ہونے کو "قومہ" کہتے ہیں۔ دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھنے کو "جلسہ" کہتے ہیں۔

Scanned by CamScanner